ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(638)

مورخہ 30.11.2023

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سمہ سٹہ،تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ،تھانہ دھوڑ کوٹ اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان قادر بخش،جعفر،پیر بخش اور سردار کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 165 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ قائم پور اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے 02 ملزمان عرفان اور بابر علی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 520 گرام چرس اور 2500 گرام بھنگ برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ سول لائنز،تھانہ بغدادالجدید اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 03 ملزمان بلال،اشرف اور عابد حسین عرف ساون کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد رائفل برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،شراب،منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (639)

مورخہ 30.11.2023

## بہاولپور ( )فرینڈز آف پولیس،انٹرن شپ پروگرام // آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں پولیس لائنز بہاولپور میں سٹوڈنٹس کا فرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے تحت چوتھے مرحلے کا آغاز۔انٹرن شپ عملی زندگی میں پہلا قدم ہوتا ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات پر فرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے تحت مختلف سٹوڈنٹس کا پولیس لائن میں دو ہفتوں پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام کے چوتھے مرحلے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پہلے ہفتے میں سٹوڈنٹس کو پولیس لائن میں بریفنگ دی جائے گی اور پولیس ورکنگ کے متعلق تفصیلی طور پر بتایا جائے گا جبکہ انٹرن شپ کے دوسرے ہفتے تمام سٹوڈنٹس کو ضلع کے مختلف پولیس پراجیکٹس اور تھانہ جات میں اٹیچ کیا جائے گا جہاں پر انہیں عملی طور پر پولیس ویلفیئر پراجیکٹس اور پولیس ورکنگ کو سمجھنے کا موقع ملے گا۔انٹرن شپ پروگرام کے پہلے روز ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید اور انچارج آئی ٹی محمد زنیر نے انٹرنی نوجوانوں کو بریف کیا۔ڈی ایس پی لیگل نے شرکت کرنے والے نوجوانوں کو پولیس کی سروسز بارے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔واضح رہے کہ سٹوڈنٹس نے خود کو فرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں انرول کیا۔اس کے علاوہ جو بھی طالبعلم اس انٹرنشپ پروگرام کیلئے انرول ہونا چاہتا ہے وہ پنجاب پولیس پبلک ایپ پر دیے گیے آپشن کے ذریعے انرولمنٹ حاصل کر سکتا ہے۔اس موقع پر سٹوڈنٹس کا کہنا تھا کہ پولیس کے اس خوبصورت اور سافٹ چہرے کو پہلی دفعہ دیکھا ہے جس کا ہمیں کبھی اندازہ نہیں ہوا کہ پولیس شہریوں کیلئے اس قدر لگن اور محنت سے کام کر رہی ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو پولیس کی ورکنگ اور پولیس کی طرف سے عوام الناس کیلئے دی جانے والی سہولیات اور سروسز کو قریب سے دیکھنے اور سیکھنے کا موقع ملے گا تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیتے ہوئے خلیج کا کم کیا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:فرینڈز آف پولیس،انٹرن شپ پروگرام // آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید اور انچارج آئی ٹی محمد زنیر سٹوڈنٹس کو انٹرن شپ پروگرام کے آغاز پر پولیس ورک کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں